پریس ریلیز

نو منتخب کابینہ کو مبارکباد، فاؤنڈری، ٹائلز مارکیٹ اور پلاسٹک ایسوسی ایشن کے وفود کی گوجرانوالہ چیمبر آمد

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر سے مختلف صنعتی و تجارتی تنظیموں کے وفود نے چیمبر میں الگ الگ ملاقاتیں کیں اور انتخابات میں شاندار کامیابی پر نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کی۔ مبارکباد دینے والے وفود میں رانا محمد اسلم کی قیادت میں فاؤنڈری ایسوسی ایشن، انعام الحق سندھو کی قیادت میں ٹائلز اینڈ سینیٹری مارکیٹ کنگنی والا اور شاہد الرحمن کی قیادت میں پلاسٹک ایسوسی ایشن کے نمائندے شامل تھے۔

اس موقع پر سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان، ایگزیکٹو ممبران ظفر اقبال ڈار، عثمان خالد بٹ، عمار فاروق بٹ اور دیگر ممتاز صنعتی رہنما بھی موجود تھے۔

وفود سے خطاب کرتے ہوئے صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کہا کہ تاجر اور صنعتکار برادری کے مسائل کو چیمبر اپنا ذاتی مسئلہ سمجھ کر وفاقی اور صوبائی اداروں کے سامنے بھرپور انداز میں اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ EPA اور PERA فورس کے سخت اقدامات سے صنعتوں کو جو مشکلات کا سامنا ہے، اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر سے تفصیلی ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملاقات میں طے پایا ہے کہ ٹائر جلانے اور اوپن برننگ کے سنگین ماحولیاتی عمل کے سوا کسی بھی صنعت کے خلاف بلاجواز ایف آئی آر درج نہیں کی جائے گی اور پیرا فورس (PERA Force) ضلعی انتظامیہ یا چیمبر کی اجازت کے بغیر فیکٹریوں میں داخل نہیں ہوگی۔

صدر چیمبر نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ میں تعمیر کیا جانے والا نیا انڈسٹریل پارک مکمل طور پر ایکو فرینڈلی (Eco-Friendly) ہوگا تاکہ جدید ماحولیاتی ضوابط کے مطابق صنعتکاروں کو تمام سہولیات باآسانی میسر آ سکیں۔

فاؤنڈری ایسوسی ایشن کے رہنما رانا محمد اسلم اور دیگر صنعتی قائدین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک چھوٹا صنعتکار لاکھوں روپے مالیت کا ماحولیاتی فلٹریشن پلانٹ یکمشت نصب کرنے کی مالی استطاعت نہیں رکھتا۔ انہوں نے پُرزور مطالبہ کیا کہ ماحولیاتی سسٹمز اور پلانٹس کی تنصیب کے لیے حکومت صنعتکاروں کی مالی اور فنی معاونت یقینی بنائے۔ ٹائلز اینڈ سینیٹری مارکیٹ کے چیئرمین انعام الحق سندھو، صدر عماد علی بٹ اور دیگر نمائندوں نے چیمبر کی فعال اور متحرک قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے شہر کی تجارتی بہتری اور فلاح و بہبود کے لیے چیمبر کے شانہ بشانہ کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

PRESS RELEASE

Delegations from Foundry, Tiles Market, and Plastic Associations Visit Gujranwala Chamber to Felicitate Newly Elected Leadership

GUJRANWALA: Delegations representing various industrial and commercial organizations held separate consultative meetings with GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar at the Chamber, extending warm felicitations to the newly elected executive team on their electoral victory. The visiting delegations included the Foundry Association led by Rana Muhammad Aslam, the Tiles and Sanitary Market Kangniwala led by Inam-ul-Haq Sindhu, and representatives of the Plastic Association led by Shahid-ur-Rehman.

The meetings were attended by former Chairman GDA Amir Rehman, Executive Members Zafar Iqbal Dar, Usman Khalid Butt, Ammar Farooq Butt, and other prominent industrial leaders.

Addressing the delegations, President GCCI Sheikh Ghulam Hussain Judge affirmed that the Chamber treats the challenges confronting the trade and manufacturing community as its own personal responsibility, actively advocating their stance before federal and provincial authorities. He stated that in view of the operational difficulties faced by industries due to stringent measures by the EPA and PERA Force, detailed discussions were held with Deputy Commissioner Gujranwala Naveed Ahmed and the concerned Deputy Director. He explicitly announced that it has been established that no unjustified FIRs will be registered against any industrial unit—except in cases involving tire burning and open burning—and the PERA Force will not enter factory premises without proper authorization.

Furthermore, President GCCI shared that the upcoming Industrial Park being developed in Gujranwala will be completely eco-friendly, ensuring that industrialists can operate seamlessly in alignment with modern environmental standards.

Foundry Association leader Rana Muhammad Aslam and other industrial representatives stated that small-scale manufacturers lack the financial liquidity to install expensive environmental filtration plants in a single installment. They strongly urged the government to provide financial and technical assistance to industrialists for compliance installation. Chairman Tiles and Sanitary Market Inam-ul-Haq Sindhu, President Imad Ali Butt, and other representatives expressed absolute confidence in the vibrant leadership of the Chamber and reaffirmed their commitment to working hand-in-hand with GCCI for the commercial advancement of the city.